جو ٹالنے سے ٹلے لعن یہی گوارا کی
بھلا یہہ وقت کہان انکے ہاتھہ پھر آتا
علی الخصوص وہ بعضے رئیس اہل نفاق
کہ لکھا تہا اونہین خلافت کی بابمین پہہ
نہ ہونے دینگے کبہی جانشین حیدر کو
منافقون کی نبی نے جو خیرگی دیکھی
کہا لاؤ کاغذ و خامہ لکھون مین اک تحریر
یہہ بات سنکے ہوا اختلاف لوگون مین
عمر نے صاف کہا حسبنا کتاب اللہ
ہوا یہہ شور کہ اسخف نبی نے فرمایا
غرض نہ لکھنے دیا آخری وصیت کو
یہہ شرح نہج مین عبدالحمید لکھتا ہے
نبی نے چاہی تہی وقت وفات تصریح
سو مین نے روک دیا آپ ہوگئے خاموش
نبی نے کوئی دقیقہ نہ واگذاشت کیا

کیا تہا جنکو خدا و رسول نے مختار
وہ انکی ظلم و بغاوت سے ہوگئے ناچار
غرض مرض کا ہوا اشتداد لیل و نہار
کہ گہات مین تہے اسی وقت بد سگے بدکردار
کیا روانگی جیش مین سوا اصرار
نجائے ساتھہ جو لشکر کے اوسپہ کرے انکار
یہہ جان و دل سے تہے دنیا پہ دونکو عاشق زار
یہہ لوگ سگ تہے تو دنیا تہی جیفۂ مردار
کہ اک صحیفہ ملعونہ تہا کیا تیار
کہ ہم بنینگے یکے بعد دیگرے سردار
نبی نے اونپہ خلافت کا گو رکہا ہے مدار
بہت ملول ہوکر اور یہہ کہا ناچار
کہ میرے بعد نہ گمراہ ہو کبہی زنہار
کوئی کہے نہ تہا کہ لاؤ کسی کو تہا انکار
ارے اسے ہذیان ہے یہہ مرد ہے بیمار
کہ جاؤ دور ہو لائق نہین یہان تکرار
کرا وسکا مطلب و مضمون سمجھ گئے اشرار
کہ خود عمر نے کہا تہا یہہ وقت استغفار
کہ میرے بعد خلیفہ ہون حیدر کرار
کہ پا گئے جو یہہ مطلب کو احمد مختار
کہ حق کا ہو کسی صورت سے مستحق پہ قرار

غرض یہی تھی کہ انپہ سب تمام ہو حجت
ہزار حیف کہ جس کام مین خدا و رسول
شامل تھے اور نہ مطلق لحاظ و پاس کرین
کچھ اوسکا حال یہی ہو تا ہو مجملاً تحریر
تو اہلبیت پہ غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا
مدینہ مین جو منافق تھے اونکی بن آئی
نبی کی لاش کو بے غسل و بے کفن چھوڑا
وہان خلیفۂ ناحق بنانے مین پہلے
غرض کہ ہو چکی جب خوب زق زق و بق بق
پھر اوسکے بعد وہ ثانی وہ ظلم کا بانی
پھر اوسکے بعد وہ ثالث وہ ظلم کا باعث
نفاق و مکر و دغا ان کے ہم عدد تینون
خزان کی فصل گئی گلشن خلافت سے
ہمیشہ ظلم ہوئی باغ دہر سے راہی
جو مثل سبزۂ بیگانہ بدعتین تہین ہر جا
خلاف اصل تہے جو اصل کر دیا اصل
جو باغیون نے روش شرع کی بگاڑی تھی
جو بدعتون کے تہے کانٹے وہ سب لیے چھانٹے
پھری چمن کی ہوا پھر چلی نسیم بہار
ہوے ہیں سارے سبھی مین کس خوشی سے دوچار
ہے اعتدال کہ آمد کی چار سمت پکار

دکہ دیا آپ پہ تنہا ہے سب نے خوب آخر کار
پہر اہتمام کرین اوسکو ظالم غدار
بہلا دکہا نہین گئے کیا اونکو سوجھے ہر دو شمار
ہوا جو روز وفات رسول عرش وقار
عجب بلا مین ہوئے مبتلا صغار و کبار
کہ منتظر تھے اسی وقت کے بد اطوار
ہوئے سقیفہ مین سب جا کے جمع نابہنجار
ہوئی نزاع میان مہاجر و انصار
بنایا ایک سزاوار دار کو سردار
کہ جسنے ایک نہ مانی رسول کی گفتار
قتیل دار سزاوار عار دار بوار
ہوئے جو اپنے گناہون سے فی السقر والنار
عیان جہان مین ہوے پہر بہار کے آثار
ربیع عدل کا پہنچا عمل دیار دیار
تو پاک صاف کیا اوسنے شرع کا گلزار
اصول دین یہ ٹہرا فروع دین کا مدار
تو اوسکے بننے کا سامان ہو گیا تیار
کیا شریعت احمد کو گلشن بے خار

مطلع

ہزار جان سے گل پہ ہوے ہزار نثار
کہ کرتی پہرتی ہے اٹہکیلیان نسیم بہار
اوٹہا ہے جھومتا کعبہ سے خوب ابر بہار

بہار آئی پلا ساقیا مئے گلنار
رہے لحاظ کہ پچیس سال کا ہے خمار
یہ دن جو گذرے نہ پینے کی انمین سنت تھی
خم و سبو و صراحی و جام سے کیا کام
اگر ضرور ہے منظور ہو شراب طہور
ہو صاف بادہ کہ جتنا پیون اور سے زیادہ
ہو پاک نشہ اضافہ ہو جسمین سے عقل و شعور
اگر مین نشہ مین بدمست ہو کے کچھ بولون
اگر مین عالم مستی مین ناہو چلاؤن خود سر
وہ قاتل الکفرہ اور قائد الابرار
وہ فخر آل ابی طالب و نبی غالب
کسی نبی کو علے ولی سے کیا نسبت
کہان وہ خضر جو بقر بارہ سال مین سیکھے
کہان جو جان لڑاتے تھے ہر لڑائی مین
کہان جو سنتے آیت و کلام سے جاہل
کہان وہ جنکو خدا اور رسول امام کہین
کہان وہ حضرت جبرئیل جنکے تھے شاگرد
کہان جو غیر خدا کو نہ پوجین اک لحظہ
کہان جو بستر احمد پہ مطمئن سوئین
کہان امام زمانہ در مدینہ علم
کہان وہ جسنے کیئے سب عرب کے سرکش زیر

اگر ہو بھول مرے گلعذار تیری نثار
تلافی اسکی بجا ہے نہ چاہیئے انکار
پر ابتو ایک نہ مانونگا عذر کچھ زنہار
بٹھا دے حوض پہ چلکر کہ خوب ہون ہشیار
کہ مین ہون ایک غلام ائمۂ اطہار
عفاف کی ہو ترقی بڑھے زیادہ وقار
نہ معصیت کا خطر ہو نہ لغو ہو گفتار
زبان پہ جاری ہو حمد و صلوۃ و استغفار
تو مدح ساقی کوثر سے ہو مجھے سروکار
وہ قامع الفجرہ اور قاطع الاشرار
وہ خانہ زاد خدا خویش احمد مختار
کجا سفال بھلا اور کجا در شہوار
کہان جو ختم کرین ایک ہوتی ہو سوار
کہان جہاد سے کرتے تھے بارہا جو فرار
کہان کتاب خدا کے وہ کاشف اسرار
کہان جو اپنی خلافت سے خود کریں انکار
کہان وہ ہوتا تھا شیطان جسکے سر پہ سوار
کہان جو برسون رہے بت پرست اور میخوار
کہان جو غار مین کرتا تھا حزن و نالہ و زار
کہان جو بحث مین عورت سے ہو ذلیل و خوار
کہان جو ابن ربیعہ سے کھائی کفش کی مار

کہاں جو کہاتے تہے نان جوین ریاضت سے   کہاں وہ لوگ جو تہے سنت آل مردم خوار
کہاں وہ عدل کہ جو اپنی اصل ہے ہو عدول   کہاں وہ عدل عدالت کا عام ہو دربار
کہاں کسیکا ضرورت مین عدل تقدیری   کہاں وہ عدل کہ شاہد ہین جسکے لیل و نہار
کہاں وہ عدل کہ ہو منع صرف کا باعث   کہاں وہ عدل کہ ہے گرم صرف کا بازار
کہاں نبی جنہین کرار کا لقب بخشین   کہاں جو قلعۂ خیبر سے لو کدم ہو فرار
عمر کی عین ہوی بعد فتح کے مضموم   علی کی عین کو ہے صرف فتح سے سروکار
جو لوگ تہے کمس خوان اوڑ گئے فورًا   نبی کے ساتھہ اُحد مین اَحَدْ تہا یا کرار
کہلا تُنین مین حال منافق و مخلص   کہ سخت وقت ہے اغیار و یار کی معیار
سخائی آل نبی کا سنا دن اک شمہ   سنو کہ کرتے ہین اخبار اسطرح اخبار
کہ تین روزے کیے نذر بہر دفع بلا   جب اتفاق سے حسنین ہو گئے بیمار
رہے جو نذر کے روزے وہ صاحب یو نون   علی و فاطمہ سبطین و فضّہ و ہیندا
جناب فاطمہ نے شام تک ریاضت کی   تو پانچ گردۂ نان جوین ہوئے تیار
ابہی نہ کہایا تہا مطلق کہ آیا اک مسکین   کہا کہ مجکو کہلا دو کہ سخت ہون نادار
وہ پانچ روٹیان سب نے اوسے عنایت کین   اور آپ روزہ کو پانی سے کر لیا افطار
ہوا جو دوسرا روزہ تو تہا وہی سامان   کہ اک یتیم نے آکر کہا بحالت زار
کہ تم یتیمونکے ہو باپ مجکو سیر کرو   اوسیکو دیدیا کہانا مین اس کرم کے نثار
ہوا جو تیسرا روزہ عجیب حالت تہی   نہ بات کرنیکی طاقت نہ قوّت رفتار
خدا کے فضل و کرم سے ہوئی وہی صورت   کہ پانچ نان جوین اور پانچ روزہ دار
کہا اسیر نے آکر کہ قید فاقہ سے   رہا کرو مجہے از بہر ایزد غفار
ہین اس سخا کے فدا اور جود کے صدقے   کہ خود نہ کہایا کیا اوس اسیر کو ایثار
تب آئے حضرت جبرئیل ہل اتے لیکر   ہوا ہے جسمین اس اطعام عام کا اشعار

یہہ جود اور یہہ سخاوت یہہ فیض و یہہ عطا

علی کے ذکر سے مومن کا دل نہین بہرتا

ہے دلکو جوش ثنا ہو اسیر خیبر گیر

رسول حق کا یہہ ارشاد ہو بغور شنو

کہ پاسے نوح کی عمر اور رہے عبادت مین

وطن کو چہوڑ کے شہر بدر فقیر ہوکر

صفا و مروہ کے مابین راہ خالق مین

غرضکہ کل عمل خیر وہ بجا لاے

تو بوے خلد بہ ہکی کی دور دور تلک

ہین جنکی ساتھہ علی اور اونکے ساتھہ ہے حق

علی کے ساتھہ ہے قرآن وہ ساتھہ قرآن کے

علی کو صرف خدا اور رسول جانتے ہین

حدیث ہے کہ قلم ہون اگر تمام درخت

تمام جن و بشر ہون کرین تحریر

شہا ہو سکے ثناے احمد عاصے

قصیدہ ختم ہوا اب ہے التماس اصحاب

وہ دیوگانون کے راجہ رئیس ابن رئیس

خلیق اور متواضع عقیل اور فہیم

یہہ حافظہ کی ہے جودت یہہ ذہن کی جودت

ہے اونکو علم تواریخ مین نہایت دخل

مناظرہ مین اونہین دستگاہ کامل ہے

اگر مجال نہین ہے تو سخت ہے دشوار

یہہ ذکر خیر ہوا ہے عبادتون مین شمار

سنو اک اور حدیث رسول عرش وقار

کہ ہو خدا کا اگر ایک بندۂ دیندار

کرے بقدر احد زر زرہ احد مین نثار

پیادہ پا وہ بجا لاے حج ہی ایک ہزار

ہو بیگناہ شہادت کے جام سے سرشار

ولے نہ حب علی ولی سے ہو سروکار

کبہی نہ پہونچے گی اوسکے دماغ تک زنہار

حق اونکے ساتھہ ہے دائر کہ ہین وہ حق کے مدار

جدائی انمین نہوئیگی تا بروز شمار

یہہ کیسا رتبہ ہے دیکہو تو اے اولو الابصار

مداد کے لئے حاضر ہون کل جہان کے بحار

نہو علی کے فضائل کا تب بہی حصر و شمار

شمار تیرے غلامون مین ہو بروز شمار

کہ لکہو ذکر مین محسن کے اپنے کچہہ اشعار

جو فیض و جود مین مشہور ہین دیار دیار

ہنر شناس قدردان نکتہ رس دیندار

بہت فنون سے ہین ماہر وہ عمدۃ الاخیار

ہے واقعات کا تفصیل وار استحضار

وہ وقت بحث مخالف کو کرتے ہین ناچار

کلام کرتے ہیں علم کلام میں ایسا
کرہو جواب سے ساکت مخالف طرار

امور جو متعلق ہیں بحث مذہب سے
وہ سب ہیں پیش نظر صاف صاف آئینہ وار

جو بار بار کوئی آئے اونکو بار نہیں
زبان سے نا شہہ سکے دربار سے سدا دربار

ہے ہیچکارہ و بیکار ہم تو ہیں کیا غم
کہ ہمکو ہے اسی سرکار خاص سے سروکار

خدا رکہے صد و سی بنا لک تلک اونہیں قائم
مع جملہ عزیز و اقارب بصد جلال و وقار

روا ہوں حاجتیں سب اونکی دین و دنیا کی
بحق قرب محمد و آلہ الاطہار

قصیدہ در منقبت و ذکر عید مباہلہ

یہہ آج روز ہے کیا واہ خسروی آثار
ہوا ہے گرم مسرت کا ہر طرف بازار

ثریٰ سے تا بہ ثریا زمین سے تا بفلک
سرور و عیش میں مصروف ہیں صغار و کبار

نماز و روزہ اسی طرح اور نیک عمل
ادا میں اونکی ہیں مشغول متقی ابرار

یہہ راستی ہوئی کن راست بازونکی ظاہر
کہ راستی پہ ہے رفتار چرخ کج رفتار

یہہ نیک روز تو چوبیسویں ہے ذیحجہ کی
ہوا ہے جسکا کہ عیدوں میں مومنوں کی شمار

ہے نام شیعوں میں عید مباہلہ اسکا
اسی میں رتبۂ آل عبا ہوا اظہار

ہوئی تہی اسمین ہی ثابت نبی کی حقیت
مقابلہ میں تہا حضرت کے زمرۂ کفار

اب اسکا ذکر سنو مختصر کہ آئے تہے
نبی کے پاس نصاری کے راہب و سردار

صفات جو کتب سابقہ میں لکہے تہے
نبی میں پائیں مطابق مگر کیا انکار

کہ حب جاہ نے آنکہوں کو اونکی بند کیا
حق صریح دکہائی دیا نہ کچھ زنہار

کیا تعصب نے ہے اونکو آمادہ
کریں مسیح کے بارہ میں بحث یہہ بیکار

کہ گر خدا کے پسر وہ نہیں تو کسکے ہیں
جواب دیجئے ایسا ہو جس سے دلکو قرار

جواب اونکو نبی نے دیا یہہ قرآن سے
کہ تم تو قدرت خالق سے کرتے ہو انکار

مثل ہے عیسی کی آدم کی سی مثل سوچو
نہ اونکے باپ نہ ماں اسکا سبکو ہے اقرار

بہلا بنائے جو آدم کو بن وہ عیسی کو
پدر بغیر بنائے ہے اوسکو کیا دشوار

جواب سنکے ہوے لاجواب پر نہ ہوا / کہ اختیار کرین دین حق کا ہی جو شعار

مباہلہ کی تب آیت خدا نے نازل کی / کہ جسکا حاصل مطلب یہہ کرتا ہی اشعار

کہ بعد اسکے جو معلوم ہو چکا تجھکو / کرین جو عیسے کے بارہ مین بحث اور تکرار

تو اون سے کہہ دے کہ آؤ بلائین ہم اور تم / اونہین جو زیادہ ہین قربت مین خویش و تبار

وہ اپنے اپنے پسر اپنی اپنی عورتین ہین / اور اپنے نفس کہ جو مثل ذات کہ ہین شمار

پھر اوسکے بعد تضرع سے ہم کرین یہہ دعا / کہ ہوے جہوٹو پہ لعنت خدا کی اور پہٹکار

غرض مباہلہ کے واسطے رسول خدا / نزول آیہ کے ہونے سے ہو گئے تیار

مجادلہ تو نصاری سے ہو گیا موقوف / مباہلہ کے لیئے ایک وقت پایا قرار

اسی مین آیہ تطہیر بہی ہوئی نازل / نبی نے کی جو دعا بہر عترت اطہار

جب آیا وقت مقرر تو بعد طیاری / چلے مباہلہ کو گہر سے احمد مختار

حسین گود مین اونگلی حسن کی پکڑے ہوے / عقب مین فاطمہ بعد اونکے حیدر کرار

سبب ہے آپکے اسطرح چلنے کا ظاہر / اسی سے آیت قرآن کر رہی ہے اشعار

وہ شاہزادے ہے تو ابنائنا کے ہین مصداق / وہ دونون سبط جوانان خلد کے سردار

نبی کے لخت جگر فاطمہ کے نور نظر / علی کے راحت جان فدیہ رہ غفار

وہ بوستان رسالت کے دو گل شاداب / وہ بحر عز و شرافت کے دو در شہوار

خدا نے لولو و مرجان ہے اونکو فرمایا / نبی کے باغ کے ریحان سید ابرار

لباس عید اونہین خلد برین سے آیا تہا / نبی کے دوش پہ ہوتے تہے بار ہا یہہ سوار

وہ میوہ دل احمد کہ جنکو آتے سے تہے / ہمیشہ خلد کے میوے بہی و سیب انار

ہمیشہ جہولا جہلاتے تہے جبرئیل امین / نبی کے پیارون پہ خالق کا ہی بہت تہا پیار

سوائے طول سجود اور کچہہ نہ بن آیا / نبی کی پشت پہ سجدہ مین جب ہو کچہہ سوار

جو کچہہ خدا و نبی سے یہہ مانگ بیٹتے تہے / عطا وہی انہین ہوتا تہا کچہہ نہ تہا انکار

عطاے بچہ آہو کا حال ہے مشہور
یہہ پیار تہا کہ خدا و نبی یہہ چاہتے تہے
یہہ مستحق تہے اسیکی اسیکے قابل تہے
ہمیشہ مرضی سولی سمجھتے ہین اوسکے
نہ اوس عزیز سے رکہے عزیز اپنے عزیز
سہین جفائین ہمیشہ مصیبتین جہیلین
رہے یہہ ظاہری ورثہ سے یہان تلک محروم
مسلم اونکے لیئے بس ہے جادۂ تسلیم
ہزار حیف اوٹہے جب جہان فانی سے
سنا فقو نکا ہوا دور اون لعینون نے
جگر حسن کا ہوا اور سودۂ الماس
حسن کی لاش تہی اور تیر ظلم کی بارش
بنائے ثنا سے لیا ساتہہ فاطمہ کو فقط
جسے کہ کہتے ہین محبوبہ رسول خدا
جناب فاطمہ ہین بضعہ رسول خدا
کنیز حق وہ پیمبر کی بنت نیک اختر
وہ فخر مریم و سارا جناب خیر النسا
فضیلتون مین فضیلت یہہ اونکو کافی ہے
نبی کے بعد رہین حزن و آہ و زاری مین
جو لفظ انفسنا سے علے کو ساتہہ لیا
نہین مراد کہ ذات علے ہے عین نبی

پہر جو سمجہتے تہے راہب کو سب یہہ اظہار
کہ انکی خاطر عاطر پہ ہو نہ بار غبار
کہ دل سے تہے یہہ خدا و نبی کے عاشق زار
نہ اونکو مال سے مطلب نہ جانتے سروکار
رہ رضا مین خوشی سے لٹا دیا گہر بار
نہ لاے حرف شکایت زبان پر زنہار
کسیکو پہلو جدہ مین ملی نہ جاے مزار
ہوے بحال بشاشت سے راہ خلد سپار
نبی و فاطمہ زہرا و حیدر کرار
بہرے تہے سینون مین کینہ نکالے سب اکبار
گلا حسین کا افسوس اور تیغ کی دہار
حسین کا تن بیدفن اور سم رہوار
کہ اونکی زوجہ یہانتک کہ وہ شتر اسوار
وہ طائشہ و شقیہ وہ دشمن اطہار
ستانا جنکا ہے ایذاے احمد مختار
علے کی زوجہ وہ ام ائمہ اطہار
شفیعہ روز قیامت کی مالک و مختار
کہ اونکو دیتے تہے تعظیم احمد مختار
کبہی ہوئین متبسم نہ مرتے دم زنہار
تو اونکو نفس محمد دیا خدا نے قرار
کہ یہہ محال ہے مانین گے کیا اولوالابصار

غرض یہی ہے کہ جملہ صفات ذاتی ہین
نبی کے مثل تھے بے شبہہ حیدر کرار

شرافتون مین شرافت یہہ کتنی اعلیٰ ہے
کسو کی یہہ نہ بزرگی ہے ملا یہہ وقار

نبی مین جتنے کمالات تھے وہ بیغایات
سب اون کمالون کا جامع تھے حیدر کرار

مگر ہے فرق نبوت کا اور امامت کا
جہان کے یہہ ہی ہین سردار وہ ہی ہین سردار

علی کا وصف بیان کیا کرے کوئی انسان
جب اسطرح سے ثناخوان ہے ایزد غفار

یہہ سب ہین نوع بیان ابید تھا انسے
کہ ہین گے حشر کے طوفان سے سبکا بیڑا پار

نبی کا ساتھ ہے ہو موقع پہ جب مباہلے کے
اور اونکے ساتھ تھے چارون وہ زبدہ اخیار

لگی نہ دیر کہ فورًا میان ارض و سما
ہوئے نمود نزول عذاب کے آثار

جو تھا بزرگ نصاری وہ صاف بول اوٹھا
ہین میرے سامنے وہ چہرہائے پر انوار

اگر دعا یہہ کرین بارگاہ باری مین
بلکہ ہے اپنے اوکھڑ جائے دفعتًا کہسار

مباہلہ نکیا اور مصالحہ چاہا
قبول جزیہ کیا او کیا گوارا عار

کہا نبی نے معلق ہوا تھا انپہ عذاب
اگر مباہلہ ہوتا تو اسے او لوالابصار

یہہ سب کے سب ابہی بیمون و خوک ہو جاتی
ابہی یہہ وادی تمام اور اسپہ برستا نار

یہہ آگ شہر تلک انکے پہیل جاتی ابہی
مباہلہ کرتی وہان سبکو خاک کرتی یہہ نار

نہوتا سال کہ روے زمین پہ نصرانی
شدہ شدہ وہ روان ہوتے سوی دار بوار

دعائی احمد عاصی یہہ ہے کہ ہو مقبول
مباہلہ مین جو لکہے ہین اوسنے کچہہ اشعار

قصیدہ در بیان عطائے خاتم بخشی

یہہ روز کیا ہے کہ سرور شاد ہین و شیدا
ہوئے ہین عالیا اعمال خیر سب اخیار

یہہ دونون ہی ہین صلوۃ و زکوۃ دونون کو
عمل مین لائے ہین اک وقت حیدر کرار

علی نے جبکہ دی وہ انگشتری رکوع مین آج
کہ جسکو لیتے ہی سائل ہوا سلیمان وار

لکہا ہے اونکی ثمن تہی خراج ملک یمن
سخاوت ایسی تو ہے کار حیدر کرار

علے کا فعل یہہ ایسا ہوا خدا کو پسند
چنانچہ آیہ قرآن اسی سے ہے کاشف
جو اتماسے ہے آغاز راکعون پہ ختم
ولی تمہارا فقط ہے خدا اور اوسکا رسول
نماز پڑھتے ہیں وہ اور زکوۃ دیتے ہین
نہین اس آیہ کا مصداق کوئی غیر علی
علے کا رتبہ اعلے جو اس سے روشن ہے
ولی ہین لوگون کے جس طور پر خدا و رسول
ولی ہین سب کے اسیطرح سے خدا و رسول
جو جان و مال مین چاہین تصرفات کرین
اگرچہ ہے فرق الوہیت و نبوت کا
تو اب یہہ سب کچھ لازم اس آیہ کی رو سے
پہر اب علی کے بلا فاصلہ خلافت پہ
دلون پہ مہر ہے جنکے اور آنکہون پہ پردے
عمر سے ہے یہہ روایت کہ خود وہ کہتے ہین
کہ اک انگوٹھی اونہون نے رکوع مین دیکر
ہوئے خدا و نبی کیطرح وہ سبکے ولی
کیا شروع یہی کام مین نے وقت رکوع
تو مین رکوع مین اک اک انگوٹھی دینے لگا
اسی خیال مین چالیس انگوٹھیان دیدین
نہ آیہ آیا نہ کچھہ اور فائدہ پایا
خلوص سے جو عمل ہو قبول ہوتا ہے
اسی عمل پہ امامت کا اوسکے رکہا مدار
وہ آیہ جس سے کہ آگاہ ہین اولوا الابصار
خطاب کرتا ہے بندون سے اسطرح غفار
اور ایسے شخص جو مومن ہین جنکا ہے شیوہ شعار
رکوع کرنے مین مشغول جب ہون وہ دیندار
مخالفون کو بہی اس امر سے نہین انکار
وہ یا تو بدر ہے یا آفتاب نصف نہار
اوسی طرح سے ولی ٹہرے حیدر کرار
کہ ہین وہ کل بہر حال مالک و مختار
نہین مجال کسیکی جو کر سکے انکار
لحاظ اسکا ہے لازم نہ ترک ہو زنہار
یونہین علی کے ولی ہونے کا کرین اقرار
زیادہ اس سے جلی نص ہے کونسی درکار
وہ ایسے امر بدیہی سے کرتے ہین انکار
سنا جو مین نے یہہ احوال حیدر کرار
وہ پایہ پایا کہ ممکن نہین ہے جسکا شمار
وہ آیہ آیا یہہ ہے جسمین صاف صاف اظہار
کہ ہاتہہ آئے یہہ رتبہ ملے یہہ عز و وقار
نزول آیہ کا رہتا تہا منتظر ہر بار
کہ میرے حق مین بہی قرآن کا یونہین ہوگا اوتار
گئین انگوٹھیان بہی مفت ہاتہہ سے بیکار
اوسیکو ملتی ہے باریکی بارگاہ مین بار

خدا تو متقیون سے قبول کرتا ہے
قبول فعل کی تقوے تو شرط ہے اتوسی
امام اہل سنن جو فخر رازی ہے
جب اوسنے دیکھا یہہ آیہ علی کی شان مین ہے
کبیر نام جو تفسیر اوسکی ہے مشہور
حضور قلب خضوع و خشوع و استغراق
یہان تلک کہ جہاد ون مین تیر کے پیکان
نماز پڑہتے ہین اوسکو نکال لیتے تھے
ہوے سوال سے سائل کے کسطرح واقف
یہہ دونون امر منافی ہین ایک دوسرے کے
ہہین محال تعجب ہے اس تعصب سے
اوسی پہ کرتا ہے یہہ اعتراض صد افسوس
جواب اسکا سنین سامعین توجہ سے
جواب ایک تو یہہ عارفونکی طور پہ ہے
دعا فقیر کی پہونچی جو حضرت حق تک
صدا کو اوسکی سنا بارگاہ باری مین
عقول جو متوسط ہین اونکے طور پہ ہے
کہ تھے علی ولی محو یاد خالق مین
مگر خدا کی طرف سے ہوا و نیز الہام
زکوۃ آپنے تب حالت صلوۃ مین دی
نبی پہ جب کبہی ہوتا تہا وحی کا نزول

بنص آیہ قرآن ہے شک نہین زنہار
جو ہے ضرور عبادت کے واسطے درکار
نہین ہے راضی کہ ہو شرح حیدر کرار
جگہ مین اوسکے بہڑکنے لگی عناد کی نار
لکہی ہے اوسمین تعصب سے اوسنے یہہ گفتار
نماز پڑہنے مین تھے حال حیدر کرار
جو اونکے جسم مین رہجاتے تھے دم پیکار
نہ اوس سے ہوتے تھے آگاہ حیدر کرار
حضور قلب کی حالت مین سید ابرار
ہے اسمین جمع کا ضدین کی صریح اقرار
کہ جو عمل ہوا مقبول حضرت غفار
اور اسکے بعد سمجھتا ہے اپکو دیندار
یہہ شبہہ سست ہے جیسے کہ عنکبوت کا تار
سمجھنا جسکا ہے آسان نہین ہے کچھہ دشوار
اوس آن حضرت حیدر تھے حاضر دربار
عطا سے خوش کیا تا خوش ہوا ایزد جبار
جواب دوسرا اسکو بہی اب سنین دیندار
نہ تہا سوا سے تعلق تہا مطلقا زنہار
کہ جس سے پا گئے مقصود سائل ناچار
کہ ہو گئے تہے عنایت طاعت غفار
نماز پڑہنے مین ظاہر ہے دیکھلو اخبار

چنانچہ قبلہ کی تحویل کی جو وحی ہوئی
اوسی نماز مین کعبہ کی سمت مونہہ پہیرا
اور اونمین سے جو منافق تہے یا کہ احمق تہے
جواب تیسرا سُنیے کہ جس سے واقف ہین
کہ تہا جو سائل مسجد وہ اک فرشتہ تہا
کہا علی ولی سے سلام ہو تم پر
خدا سے چاہو مسکین کو تصدق دو
علی جو یاد خدا مین تہے محو و مستغرق
انگوٹھی آپنے دی تب خدا نے بہی او نکو
جواب چوتہا بہی سُنیے کہ جس سے ہو آگاہ
کہ باوجود خضوع و خشوع و استغراق
کہ جس سے نیت و تکبیر اور قیام و قعود
قرائت اور قنوت اور تشہد و تسلیم
علاوہ اسکے یہہ اک اور امر لازم ہے
جب اتنے امر ضروری ہین بس تو کیا ہے عجیب
عمر کا قول بخاری مین صاف لکہا ہے
عمر کے قول سے ہمکو کمال حیرت ہے
بہلا نماز کے پڑہنے مین فوج کا کیا کام
مگر جہاد مین کیا حال تہا یہہ ہے مشہور
یہہ آپ کہتا ہے مین بہاگتا تہا بز کیطرح
الٰہی احمد عاصی پہ کیجیو آسان

نماز پڑہتے تہے اوسوقت احمد مختار
بہرے صحابہ مین سے وہ جو خاص تہے دیندار
نفاق و حمق جتانے لگے پکار پکار
جو لوگ جانتے ہین اہلبیت کے اخبار
کہ اوسکو بہیجا تہا حق نے برائے استخبار
ولی خدا کے اور ایا نفسکے ہو تم مختار
خدا کی راہ کا سودا سے گرم ہے بازار
خدا کے بہیجنے کے اونپہ کہل گئے اسرار
کیا نبی کیطرح مومنین کا سردار
ہر ایک شخص مسلمان جو ہے نماز گذار
ہے اتنا ہوش نماز ہی کیواسطے درکار
رکوع اور سجود اور اوسکے سب اذکار
کرے نماز کے اعمال ادا وہ سلسلہ وار
رکہے وہ اچہی طرح یاد رکعتوں کا شمار
صدای سائل مسکین ہو اونکو گوش گذار
کہ مین نماز مین کرتا ہون فوج کو تیار
کہ وہ نماز مین کرتا تہا فوج کو تیار
وہ ہے عبادت معبود یا کہ ہے پیکار
کہ بے قرار نہوتا تہا اوسکے دلکو قرار
احد کے معرکہ سے جب کیا تہا مین نے فرار
تو اپنے فضل سے عقبے کی منزل دشوار

قصیدہ در منقبت جناب امیر

علی کو بھلا لوگ کیا جانتے ہین ۔ خدا یا رسول خدا جانتے ہین

علی کو شہ اولیا جانتے ہین ۔ اونہین افسر اوصیا جانتے ہین

جو احمد شہ اولیا جانتے ہین ۔ تو عیسے اونہین ایلیا جانتے ہین

وہی شہ انبیا جانتے ہین ۔ کفو زوج خیر النساء جانتے ہین

جو کچھ حالت ہل اتی جانتے ہین ۔ علی کو وہ عین عطا جانتے ہین

علی کو شہ دوسرا جانتے ہین ۔ نہ اونسا کوئی دوسرا جانتے ہین

اونہین صدر اتقیا جانتے ہین ۔ اونہین سید اصفیا جانتے ہین

اونہین ہادی اذکیا جانتے ہین ۔ اونہین حامی اذکیا جانتے ہین

علی ہین تو بندہ مگر ایسے کامل ۔ نصیری اونہین کو خدا جانتے ہین

علی نوح امت ہین ہم ہی علیکو ۔ خدا تو نہین نا خدا جانتے ہین

وہ کرتے ہین دو جوہر فرد کو جو ۔ علی کو نبی سے جدا جانتے ہین

وہی جانتے ہین علی کے مدارج ۔ جو معراج کا ماجرا جانتے ہین

کلام خدا تہا علی کی زبان ہی ۔ تو پہر کیون خدا سے جدا جانتے ہین

علی کا تقرب یہانتک تو پہونچا ۔ کہ لوگ اونکو دست خدا جانتے ہین

وہ کرتے رہے ہر نبی کی حمایت ۔ اونہین حامی انبیا جانتے ہین

جو کعبہ ہے مولد تو مشہد ہی مسجد ۔ وہ مبدا تو یہہ منتہے جانتے ہین

وہ آئے کہان سے گئے پہر کہان کو ۔ یہہ اسرار اہل صفا جانتے ہین

ہم آدم سے اسدم تلک دوسرا کی ۔ نہ یہہ ابتدا انتہا جانتے ہین

نہایت مقرب تہے رب کے وہ بیشک ۔ ہم اسکے سوا اور کیا جانتے ہین

قدر قدر حیدر جو برتر ہی برتر ۔ قضا مرتضے کی رضا جانتے ہین

غبار در حضرت بوتراب
مبصر جو ہین توتیا جانتے ہین

جو ہین خاکسار در بوتراب
وہ خاک اسے کیمیا جانتے ہین

مرض ظاہری خواہ ہو باطنی
نجف سب کا دار الشفا جانتے ہین

کہین سیکڑون مقبرہ ذرے سے بہتر
ہم اک ذرہ خاک شفا جانتے ہین

شجاعت ہے اظہر من الشمس اونپر
جو کچھ بدر کا ماجرا جانتے ہین

نہین مشکلونکا اونہین ابھی حرج ہے
علی کو جو مشکل کشا جانتے ہین

نظر انکی صورت پہ ہے عین عبادت
تو ذکر انکا ذکر خدا جانتے ہین

علی کو سمجھتے ہین قرآن کے ساتھ ہم
نہ قرآن انسے جدا جانتے ہین

علے ساتھ حقکے تو حق ساتھ انکے
یہہ ارشاد خیر الوری جانتے ہین

رسائی ہوئی جنکی حیدر کے در تک
وہ قسمت کو اپنی رسا جانتے ہین

ہے وادی سلام اونکو دار السلام
نجف کی فضا جانفزا جانتے ہین

نہین اونکو خلد برین کی ہوس
یہہ دلکش نجف کی ہوا جانتے ہین

جو ہے اصغی نہر جاری نجف مین
اوسیکو وہ آب بقا جانتے ہین

ہین سایہ فگن اونپہ طائر نجف کے
اوسیکو وہ ظل ہما جانتے ہین

علے مومنون کے ہین پہلے امام
لقب جنکا سب مرتضی جانتے ہین

علے کو بلافصل بعد نبی کے
خلیفہ وصی پیشوا جانتے ہین

خدا و نبی نے بنائے امام
نہ بندونکا دخل اک ذرا جانتے ہین

وہ مخصوص منصوص ہین واقعی
نکچھ اسمین چون و چرا جانتے ہین

ہم آیات و اخبار سے لاکلام
صراحت سے یہہ مدعا جانتے ہین

ولی ہونیکی اونکے روشن دلیل
سبھی آیۂ انما جانتے ہین

وہ مولی ہین من کنت مولاہ سے
جو خم مین ہوا ماجرا جانتے ہین

امامت پہ حیدر کی عقلی و نقلی — دلیلون کو بے انتہا جانتے ہین
بہت خندہ و گریہ آتا ہے اونپر — تامل جو اسمین روا جانتے ہین
بناتے ہین جو آپ اپنا امام — نہین ہم سمجہتے وہ کیا جانتے ہین
خدا و نبی کا جو ہے خاص کام — وہ بندون کے حقمین روا جانتے ہین
جو انکا ہو پرداختہ ساختہ — اوسے کسطرح پیشوا جانتے ہین
اوسے چاہیے انکی طاعت کرے — یہہ بر عکس کیون ماجرا جانتے ہین
امام و پیمبر کا منصب ہے ایک — نیابت کا فرق اک ذرا جانتے ہین
اماشگری کے جو ہین مدعی — نبی بہی بنانا بہلا جانتے ہین
بنائین نبی اوسکی امت بنے — محال اسکو کیون پر ملا جانتے ہین
یہہ کفار کے کوچک ابدال ہین — کہ مشرک خدا بہی بنا جانتے ہین
بناتے ہین بت پہر اوسے پوجتے ہین — اوسیکو وہ اپنا خدا جانتے ہین
اماشگری ہین جو ہین مفسدی — وہ احمق بہی سب پر ملا جانتے ہین
جو بندونکی رایون مین ہے اختلاف — کسی پر نہین وہ چہپا جانتے ہین
جو منّا امیر و منکم امیر — مقولہ ہے انصار کا جانتے ہین
جو انکے بنائے ہوئے ہین امام — یہہ خود اونسے جائز خطا جانتے ہین
بنانا خطا وار کا پیشوا — خطا ہے خطا ہے خطا جانتے ہین
تعصب کا لیکن نہین ہے علاج — سب اس درد کو لا دوا جانتے ہین
کرو ذکر اظہار سے تر زبان — کہ جنت ہی اسکا صلہ جانتے ہین
پیمبر کی وہ دختر نیک اختر — لقب جنکا خیر النسا جانتے ہین
جگر پارہ خاتم الانبیا — سرور دل مصطفے جانتے ہین
جب آتی تہین تعظیم کو اوٹہتے تہے حضرت — نبی اشرف الانبیا جانتے ہین

وہ ہمراہ ہین تابع وحی تہین / تو تنہا سیدہی بحکم خدا جانتے ہین
نہین ہے کوئی نادر اسکے تولا / جگر گوشہ خیر الوری جانتے ہین
ملک آتے پا اونکی پیدا سے گئے / اونہین سخرا سیا جانتے ہین
ہمیشہ رہا وہ وطاعت میں کام / خدا پر تنہین دل سے فدا جانتے ہین
وہ معصوم مظلوم مجروح تہین / نہ ورثہ پدر کا ملا جانتے ہین
امام حسن زیب خلق حسن / لقب جنکا سب مجتبا جانتے ہین
بوجہ حسن بعد حضرت اسیر / امام اونکو ہم دوسرا جانتے ہین
شہید ونکو افسر امام حسین / جنہین سب شہ کربلا جانتے ہین
مع آل واصحاب و رسول کے / ہوئے دین حق پر فدا جانتے ہین
نہ ایسا ہوا ہے نہ ہوگا کوئی / امام اونکو ہم تیسرا جانتے ہین
علی زین عباد ابن الحسین / امام اونکو چوتہا سدا جانتے ہین
محمد کہ باقر ہے جنکا لقب / اونہین پانچوان پیشوا جانتے ہین
وہ جعفر کہ صادق ہے جنکا لقب / امام اپنا اونکو چہٹا جانتے ہین
وہ موسی کہ کاظم ہے جنکا لقب / اونہین ساتوان مقتدا جانتے ہین
علی بن موسی رضا ہے لقب / اونہین آٹھوان رہنما جانتے ہین
محمد کو جنکا لقب ہے تقی / نوان پیشوا برملا جانتے ہین
علی کو ہوئے جو نقی ہے لقب / سو دسوان امام ہدی جانتے ہین
جناب حسن عسکری ہے لقب / اونہین گیارہوان پیشوا جانتے ہین
محمد وہ مہدی ہے جنکا لقب / اونہین بارہوان رہنما جانتے ہین
وہ ہین حجت قائم و منتظر / اونہین سے جہانکا بقا جانتے ہین
نہوتا قدم اونکا جو درمیان / جہان ہوتا نقش فنا جانتے ہین

ہمارے یہہ ہین دین و دنیا کی حامی — انہین کا وسیلہ بڑا جانتے ہین
وہ سمجہین غلامونکا اپنے غلام — ہم اسکو بڑا مرتبا جانتے ہین
الہی ہمارا ہو ساتہہ انکے حشر — یہہ اپنا دلی مدعا جانتے ہین
گدا ہم بہی احمد ہین حیدر کے در کے — کہ شاہونکو وہان کا گدا جانتے ہین
جو بندونکا شاکر خدا کا وہ شاکر — سپہدار شاد خیر الورى جانتے ہین
اسیواسطے ہم بہی محسن کی اپنے — مناسب یہان کچہہ ثنا جانتے ہین
رئیس زمان راجہ اعظم علی خان — ائمہ کی جو اقتدی جانتے ہین
مروت فتوت عنایت حمایت — وہ مجمع ہین ایک ایک کا جانتے ہین
جو ہین نیک اعمال ہین باقیات — مقدم وہ لانا بجا جانتے ہین
بنائے کنوین بہی بہت چاہ سے — جنہین لوگ آب بقا جانتے ہین
بنائین بہت مسجدین بہی سدا — اذانونکا جنہین صدا جانتے ہین
کہدائے ہین تالاب بہی جا بجا — بنائی ہے اک کربلا جانتے ہین
وہان کا کیا باغ بہی وقف عام — کہ جنت وہ اسکی جزا جانتے ہین
زیارات سے خود مشرف ہوئی — لیا ساتہہ اک قافلہ جانتے ہین
ہے اونکو تواریخ مین خوب دخل — مفصل ہر اک ماجرا جانتے ہین
مسائل جو ہین مذہبی بحث کے — مدلل ہر اک مسئلا جانتے ہین
ہنر پرور و نکتہ رس قدردان — ہر اک شخص کا مرتبا جانتے ہین
یہہ نوبت ہے جو اونکی شہرت کا کور — بجا جا بجا سب بجا جانتے ہین
دعا اونکو دیتے ہین صبح و مسا — ہم اسکے سوا اور کیا جانتے ہین
خدا خوش رکہے وہ جہانین اونہین — یہی مختصر سی دعا جانتے ہین

قصیدہ در منقبت جناب امیر

کیا اژدر کو دو ٹکڑے طفلی مین حیدر ایسے ہوتے ہین
ہوے پیدا خدا کے گھر خوش اختر ایسے ہوتے ہین
ہوا مین شیعہ حیدر مقدر ایسے ہوتے ہین
علی پیدا ہوئے مکہ مین اندر عین کعبہ کے
علی پہونچے جو خیبر مین اکھاڑا در بنایا پل
گئے ساحل سے ساحل تک علی ہین لیکے کشف کا
علی جانباز یان کرتے رہے حفظ محمد مین
جو دائم شب کو قائم دن کو صائم جی کو لائم ہون
علی نے ہر نبی کی مدد آدم سے تا خاتم
محمد اور علی ہین ایک حکم نص قرآن سے
اوجاڑین بیت اہلبیت جو کیونکر مسلمان تہے
لڑے لاکہون جوانون سے بہت مارے گئی ناری
عروس دہر کو دی ہین طلاقین شاہ مردان نے
لٹائے زر شائے شر گرامی سر اوڑا سے پہر
بچایا نوح کی کشتی کو جنے صدمہ جن سے
بہت سے خطبے فرماتے ہین جو نہج البلاغہ پر
خدا نے آیہ تطہیر جنکے حق مین نازل کی
پلایا شیر و شربت اپنے قاتل کو بہی حیدر نے
دکہائین راہ حق دنیا مین عقبی مین رہ جنت
سلونی خود کہین جو پوچھو اوسکو خوب بتلائین
نکالے پانون سے پیکان نہ کچھ آگہہ ہوئے حیدر

ان سجد

گئے سر معرکے سارے دلاور ایسے ہوتے ہین
ہوا سجدہ مین سر مجروح سرور ایسے ہوتے ہین
ہوا مداح روشن نام اختر ایسے ہوتے ہین
جو ہون بحر و صدف ایسے تو گوہر ایسے ہوتے ہین
ید اللہ و نہ بازو و پیمبر ایسے ہوتے ہین
شناور بحر عرفان کے شناور ایسے ہوتے ہین
جو ہر موقع پہ کام آئین برادر ایسے ہوتے ہین
غلامان علی قنبر سے کمتر ایسے ہوتے ہین
خدا کے خانہ زاد اللہ اکبر ایسے ہوتے ہین
وصی و جانشین بعد پیمبر ایسے ہوتے ہین
نہ ملحد ایسے ہوتے ہین نہ کافر ایسے ہوتے ہین
جوانان جنتی کل بہتر ایسے ہوتے ہین
رسول حق جنہین دین اپنی دختر ایسے ہوتے ہین
ید اللہ آسمانی تیغ جوہر ایسے ہوتے ہین
جہاز عالم امکان کے لنگر ایسے ہوتے ہین
یقینی زیب مسجد زین منبر ایسے ہوتے ہین
منزہ اور مقدس اور مطہر ایسے ہوتے ہین
خدا کے سمت سے مختار کوثر ایسے ہوتے ہین
نبی کے جانشین امت کے رہبر ایسے ہوتے ہین
یہہ ظاہر ہے کہ شہر علم کے در ایسے ہوتے ہین
ولی وقت نماز اللہ اکبر ایسے ہوتے ہین

احد بدر و حنین و خندق و خیبر جمل صفین
صفونکی کی صفائی سب مین مقصد ایسے ہوتے ہین

غلامی مین علی کی چاہیے احمد تو ایسا ہو
کہین سب دیکھکر کہتا ہے قنبر ایسے ہوتے ہین

خدا رکھے سلامت راجہ اعظم علی خان کو
بہت کم اس زمانہ مین تونگر ایسے ہوتے ہین

سخی فیاض خوش اخلاق دریا دل حلیم الحسان
اگر دنیا مین ہوتے ہین تو کمتر ایسے ہوتے ہین

مروت مین فتوت مین تواضع مین سخاوت مین
اگر دیکھو تو کچھ بہتر سے بہتر ایسے ہوتے ہین

جو مطلوب دلی ہون اونکے یارب سب وہ بر آئین
تری رحمت سے کام انجام اکثر ایسے ہوتے ہین

قصیدہ در منقبت جناب امیر و بیان عید غدیر

علی عنوان ایمان ہے علی عمان عرفان ہے
علی برہان اذعان ہے علی بنیان ایقان ہے

علی انسان انسان ہے علی حیوان حیوان ہے
علی جان ہی جہان ہے علی قربان قربان ہے

علی امت کا مولی ہے خلافت جسکی اولی ہے
عمر کا ورد لولا ہے کتب سے یہ نمایان ہے

علی قرآن کا جامع ہے علی خیبر کا قالع ہے
علی وہ شمس لامع ہے جہان جس سے درخشان ہے

علی سے جسکو کینہ ہے وہ فی الواقع کمینہ ہے
نہ دانا ہے نہ بینا ہے برائے نام انسان ہے

علی کو جسنے مانا ہے خدا کو اوسنے جانا ہے
حقیقت مین وہ دانا ہے کہ سچا اوسکا ایمان ہے

علی اعظم ہے افضل ہے علی اکرم ہے اکمل ہے
علی اعلم ہے اعدل ہے خلافت اوسکو شایان ہے

علی قلعونکا قالع ہے علی خورشید طالع ہے
علی فرخندہ طالع ہے امام جن و انسان ہے

علی اعلی ہے ارفع ہے علی اسجد ہے ارکع ہے
علی اقوی ہے اشجع ہے شجاعت جسپہ نازان ہے

علی شاہ مدینہ ہے منور اوسکا سینہ ہے
وہ علمونکا خزینہ ہے نہ حد جسکی نہ پایان ہے

علی ازہد ہے اعبد ہے علی اسعد ہے ارشد ہے
وہ اوحد نفس احمد ہے یہہ حکم نص فرقان ہے

وہ ہر عالی سے اعلی ہے وہ ہر والی سے والا ہے
علی کا بول بالا ہے کہ ہم مانند قرآن ہے

عجب یہہ نام نامی ہے عجب یہہ اسم سامی ہے
نہ سمجھو جو اتہامی ہے علی سے نام یزدان ہے

علی کی وہ فضیلت ہے عیان جسکی حقیقت ہے
علی کی وہ محبت ہے کہ جو عنوان ایمان ہے

علی بہتر ہے بہتر ہے کہ داماد پیمبر ہے
علی سب سے گرامی ہے علی امت کا حامی ہے
علی رتبہ مین عالی ہے علی امت کا والی ہے
علی کو جو کہ بہولا ہے وہ بے مجبور ہیولی ہے
علی مولا کا طالب ہے وہ حلال مطالب ہے
علی مولای امت ہے علی ملجای عصمت ہے
علی ہے صاحب منصب سپہر دین کا کوکب
علی ہے زینت منبر علی ہے حیدر صفدر
علی ہر فن مین کامل ہے وہ حکم حق پہ عامل ہے
اوسے ہر رتبہ حاصل ہے حق و باطل مین فاصل ہے
علی احمد کا بہائی ہے وہ نور کبریائی ہے
علی ہے ساقی کوثر علی ہے شافع محشر
علی کا روضہ عالی وہ سب عیبون سی ہے خالی
وہ اوس روضہ کا ایوان ہے کہ جس کے پست کیوان ہے
فضائل اوسکے ظاہر ہین ملائک وسکے زائر ہین
کرم گر یاوری اختر تو دیکہون روضہ انور
علی اطیب ہے اطہر ہے علی ایمان کا رہبر ہے
علی امجد ہے اشرف ہے علی اقدس ہے الطف ہے
علی بے شبہہ یکتا ہے ثنا مین جسکی سکتہ ہے
کیا مسرور اپنا دل جتایا آپکو کامل
کیے اک قافیہ کے چار لکہنا ہو گیا دشوار
یہہ کیسی ہوشمندی ہے یہہ کیا مشکل پسندی ہے

اب شبیر و شبر ہے کفو خیر النسوان ہے
عدو اوسکا حرامی ہے مطیع خاص شیطان ہے
علی کا حال عالی ہے نہ مخفی ہے نہ پنہان ہے
وہ کس دعوی پہ بہولا ہے نہ شایان ہے [illegible]
وہ ہر غالب پہ غالب ہے ید اللہ شیر یزدان ہے
علی دریای رحمت ہے علی ماوای ایمان ہے
علی ہے قاتل مرحب جسے حق مرحبا خوان ہے
علی ہے سید و سرور علی یکتای دوران ہے
علی کا فیض شامل ہے جہان ممنون احسان ہے
خدا آگہ بہی وہ واصل ہے امیر اہل عرفان ہے
جو قبضہ مین خدا کی ہے تو بیشک دست یزدان ہے
علی ہے فاتح خیبر علی ہر دو گہہ کا دربان ہے
سراپا نور ہے عالی وہ رشک باغ رضوان ہے
وہان وہ آب حیوان ہے خضر بہی جسکا خواہان ہے
مبارک وہ کہ طائر ہین ہمان بہی جن پہ قربان ہے
ملون آنکہونکو اوس در پہ یہی بس دل کا ارمان ہے
شفیع روز محشر ہے قسیم خلد و نیران ہے
علی ارحم ہے الطف ہے کہ لطف خاص یزدان ہے
ثنا کر کون سکتا ہے خدا اوسکا ثنا خوان ہے
کیا آسان کو مشکل یہہ وقت کا سامان ہے
زمین شعر ہے ہموار چلنا جسمین آسان ہے
یہہ کیا الفاظ بندی ہے کہ مضمون جس سے نالان ہے

لکھو کچھہ شعر پر مضمون مناسب جو ہوون سخن
علی کی تقین ارشاد رسول جن و انسان ہے
علی ہین مسبطرت حق او سطر سبب اسلیئے حق تو
عیان ہے لیطمہ لنیا سے وہ عام اطعام حیدر کا
عیان آثار ایثار سلیے ہین یو ثرون سے
علی نے جانکو بیچا عوض خوشنودی حق کے
بجا الملہ انت منہ کہ جو قرآن مین محمد نے بنا
چھپے ہے شنا جو کچھہ نہ اوسمین سے ذرا ہولے
خدا و مصطفا و مرتضے باہم شناسان ہین
نبی موسی علی ہارون اور اونکے نواصب و ناصب
علی بعد نبی ہارون وقت غیبت موسے
فرادی جن نکالون سے ہوی ہین انبیا کامل
صفی علم وصی علم کلیم اعجاز عیسے دم
علی یوسف لقا ایوب صبر الیاس نعت ہے
نچھوٹا ہے نچھوٹیگا نہ دنیا مین نہ عقبے مین
تمسک آل سے مثل کلام اللہ لازم ہے
اولی الامر انکو حقیر حق نے فرمایا ہے قرآن مین
یہہ وہ صادق ہین جنکی تعبیر ایسی کو فرمایا
مسائل پوچھنے کا انسے حق حکم فرمایا
یہہ عرفان سے دیتے ہین یہہ ایمانکو دیتے ہین
ازل سے ہین جو عالی ہوتے ہین تحقیر سے اعلے
یہہ کیا نور دل افروز آج ہے ای شیعہ حیدر

مطلع

صداقت سے یہی ہوون مقرون اسیکا وقف خوان ہے
علی ہے ساتھہ قرآنکے علی کے ساتھہ قرآن ہے
بحکم حیثما دار علی کے ساتھہ گردان ہے
کہ سکین ہے پر تقید سی ہر اک مشمول احسان ہے
خصوصا اور یہہ خاصیت تو کار شاہ مردان ہے
جو ہے قرآن مین من یشری وہ اس دعویکی برہان ہے
تو بس لکل قوم ہاد بے شک شاہ مردان ہے
کہ اذن واعیہ قرآن مین گوش شہر یزدان ہے
اگر سمجھو اسی سے مرتبہ ہر اک نمایان ہے
کوئی فرعون ہے قارون ہے کوئی کوئی ہامان ہے
تو اول عجل ثانی سامری ششم پیمان ہے
سبب اونکا وصفونکا مجمع ذات پاک شاہ مردان ہے
سلیمان جاہ ہارون منزلت داؤد الحان ہے
جو حشمت مین ہے ذو القرنین تو حکمت مین وہ لقمان ہے
ہمارا ہاتھہ کوتہ ہے فراخ آقا کا دامان ہے
پیمبر نے جو چھوڑا ایک عترت ایک قرآن ہے
یہہ ہین معصوم فرض انکی اطاعت سب پہ ہر آن ہے
یہہ حبل اللہ ہین جنسے معتصم ہونیکا فرمان ہے
یہہ اہل الذکر ہین ہر ایک انمین سے ہمہ دان ہے
یہہ طوفان مین سفینے ہین ضلالت کا جو طوفان ہے
ذرا تصغیر سلمان کی کرو دیکھو سلیمان ہے
کہ ہر ذرہ چمک کر مہر سے دست و گریبان ہے

بٹھایا ہے غسل پاپنا خوشی نے سارے عالم مین
ہوا لید اپہات آیا ہر اک مسرور و شادان ہے

نہین پہولے سماتے پہول جامہ مین مسرت سے
ہر اک غنچہ چمن مین کہل کہلا کر خوش خندان ہے

گئی ہی غسل صحت نرگس بیمار شبنم سے
نہ مطلق بید لرزان ہی نہ کچھہ سنبل پریشان ہے

کلف زائل ہوا اک لخت رخ ماہ تابان کے
تپ لرزہ سے صحت بہر مزاج دہر خشان ہے

یہہ ہے عید غدیر اسکی عجب شوکت عجب شان ہے
جو ہین عید ہین اسپر ایک صدقے ایک قربان ہے

پیمبر کا ہوا ہی جانشین اس روز وہ عادل
عدالت کا اثر جسکی ہر اک شی مین نمایان ہے

ہوئی ہین رات دن تک بہی برابر واہ ری نصفت
عدالت کا بہلا کیا اس سے بڑہکر اور سامان ہے

غدیر خم مین جب پہونچے پیمبر آخری حج سے
تو آیا آیہ بلغ یہہ جسکا صاف عنوان ہے

خلافت مین علی کی حکم جو آیا ہے پہونچا دو کر
یہی سمجہے تہے موقع یہہ نہ اس کثرت کا امکان ہے

نہ جو ایسا کیا تو کچھہ نہ تبلیغ رسالت کی
شرارت اور شر سے لوگون کے خدا تیرا نگہبان ہے

یہہ جب سنے یہہ جب جانا کہ حیدر کی خلافت مین
ابہی اس تاکید سے حکم خدائے جن و انسان ہے

وہین فی الفور ٹہرے کچھہ نظر اسپر نہ فرمائی
کہ تہا اسوقت گرمی سخت یہہ پر خار میدان ہے

گئے منبر پہ پالانون شتر کے اور پڑہا خطبہ
کتب مین ہم بعینہ نقل با لفظ درافشان ہے

علی کا ہاتھہ پکڑا اور کہا من کنت مولاہ
کہ مین مولی ہون جسکا اسکا مولی شاہ مردان ہے

دعا آغاز کی اور وال من والاہ فرمایا
کہا پہر عاد من عاداہ جو جس جسکا شایان ہے

خدایا دوست رکہہ اونکو علیکو دوست جو رکہے
عدو اوس شخص کا ہووے جو عدو شیر یزدان ہے

اسی دن آیۃ الیوم اکملت لکم آیا
اسی کے ساتہہ اتممت علیکم قول رحمان ہے

ہمارا دین کامل اور اپنی نعمتین پوری
خلافت سے علی کی کین خدا کا شکر و احسان ہے

مبارکباد دی سب نے علی سے سب نے بیعت کی
کرے چون و چرا کوئی بہلا کیا تاب امکان ہے

ہوئی حضرت عمر بہی تر زبان کہتے بخٍ بخٍ کہکے
کیا پہر بعد کو جو کچھہ نہ مخفی ہے نہ پنہان ہے

کرا احمد ختم اسکو تذکرہ پر اپنے محسن کے
کہ تو جنکے بدولت مطمئن یہان منقبت خوان ہے

نہ ہے دولت نہی شوکت نہ شاہ حشمت عجب ہیبت
کہ خاص و عام پہ جسکا ہمیشہ عام احسان ہے

یہہ چشمہ فیض کا ایسا ہی جو ہر وقت جاری ہے
یہہ وہ ابر سخاوت ہی کہ ہر موسم مین باران ہے

وہ اختر برج حشمت کا وہ گوہر درج ہمت کا
سخاوت اور عطا مین زبدۂ امثال و اقران ہے

وہ اکرم ہین وہ ارحم ہین وافخم ہین وہ اعظم ہین
کہ اسم بامسمی راجہ اعظم علے خان ہے

جو وہ فرزند پیارے ہین وہ دو آنکہون کے تارے ہین
وہ مومن کے سہارے ہین کہ ہر اک مرتبہ دان ہے

قران سعدین کا ہی واقعی برج ریاست مین
اگر اک ماہ تابان ہی تو اک خورشید رخشان ہے

ہے اک فرزند کا فرزند نور عین نور عین
سعادت کا ستارہ اوسکی پیشانی مین تابان ہے

فطانت اور متانت اوسکی چہرہ سے برستی ہے
امارت کی امارت اوسکی صورت سے نمایان ہے

رہین یہہ گردش ایام سے محفوظ سب یارب
زمین کے گرد جبتک گردش گردون گردان ہے

جو انکی ہون تمنائین الہی سب وہ برآئین
مرادین دل کی سب پائین ترے نزدیک آسان ہے

قصیدہ در منقبت جناب خیر النسا فاطمہ زہرا صلواۃ اللہ علیہا

یہہ آج کیا ہے کہ ہر سو ہے غلغلہ اداب
شفق سے ڈالے ہے چہرے پہ آفتاب نقاب

صوامع ملکوتی کے آج بند ہین باب
ہے آسمان کے بھی مسدود ہر طرف ابواب

ستارے سارے ثوابت ہین خواہ سیارے
سب اپنی آنکہون پہ ڈالے ہین اک جلباب

یہہ آج کیون ہین ہوئے جا بجا ہوئے روپوش
پہری ہی اپنا قدم پری پری یہہ کیا ہی حجاب

ظہور نور نے زہرا کے آج سر پایا
یہہ سب ہوا و نہین ولادت کی ہین تہنیت و داب

وہی رسول کی ہے دختر بلند اختر
علی کی زوجہ وہ ام الائمہ الطیاب

جناب فاطمہ ہین اشرف زنان جہان
علے نہوتے تو پہر کوئی تہا نہ اونکا جواب

نہین ہے زہرہ کو زہرا تقابل زہرا
مقابل اونکے ہو کب آفتاب کی یہہ تاب

جناب فاطمہ جب آتی تہین تو تعظیما
قیام کرتے تہے فورا رسول عرش جناب

ہے اتنا نکتہ ہی کافی شرف کو زہرا کے
ذرا بہی عقل سے لین کام اگر اولو الالباب

نہین یہہ رسم کسی قوم اور ملت کی
کہ باپ بیٹیونکا اسطرح سے کرین آداب

خصوصا افضل پیغمبران پدر جن کو
سبب جہان کا ہے خود مسبب الاسباب

نہ اسمین دخل ہے کچھ رشتہ و قرابت کو
کہ صرف قرب قرابت یہان نہین ہے حساب

خدا سے دور ہین دور انسے گرچہ ہون وہ قریب
جو ہین مقرب رب ہین وہ اقربا احباب

یہان تقرب خالق بڑی قرابت ہے
نہ بار پاتے ہین اس بارگاہ مین انساب

یہی سبب ہے کہ سلمان فارسی کا ہوا
محمد عربی کے جو خاندان مین حساب

خدا نے نوح سے فرمایا لیس من اہلک
جب اپنی خلف کو نسبت کیا انہون نے خطاب

نبی ہر امر مین پابند حکم خالق تھے
نہ دخل نفس کی خواہش کو دیتے تھے وہ جناب

یہان سے ہو گیا ظاہر کہ فاطمہ کی یہہ تھی
بزرگی و عظمت پیش ایزد وہاب

خدا کے حکم سے تعظیم تھی یہہ زہرا کی
وجوب خواہ اسے سمجھو خواہ استحباب

یہہ ان نام کی برکت دیکھی حدیث مین ہے
بہت نمازون کا تسبیح فاطمہ مین ثواب

خدا نے عقد کیا اپنے خانہ زاد کو ساتھ
تو بجہ مہر مین بخشے کہ خلق ہو سیراب

ہزار حیف لب نہر مہر ہے واویلا
انہین کے وارثون کے تشنہ حلق و تیغ کی آب

نثار تھے کئے روز عقد طوبے نے
اوٹھا ہی حورون نے کس شوق سے شتاب شتاب

جو ایک دوسرے کو تحفہ بھیجے تھے کبھی
وہ تحفہ ہوتے تھے جلے ہی جو ہین نایاب

نماز پڑھتی تھین جب گھر مین حضرت زہرا
تو نور چہرہ سے ہوتے تھے بام و در پر تاب

یہہ نور دیکھ کے اہل محلہ جانتے تھے
ہوئی ہین فاطمہ اسوقت داخل محراب

یہہ حال تھا کہ نہ منہہ سے نکلتی تھی آواز
خدا کے خوف سے ہوتی تھین اسقدر بیتاب

اشارہ تھا جو یہہ ہے آیۂ سبا طہ مین
مراد اوس سے ہین زہرا بقول کل اصحاب

دلیل انکی طہارت پہ آیۂ تطہیر
عیان ہے حال علیہا ہلالی سے جون مہتاب

خوشا نصیب نبی باپ اور ولی شوہر
حسن حسین سے فرزند کو ہے نایاب

عفیفہ بیٹیان دونون وہ زینب و کلثوم
کہ جیسے مریم و سارا بھی سیکھین آداب

کیا کلام جو زہرا نے بطن مادر مین
ہوا خدیجہ کبری کو سخت استعجاب

کہا نبی نے یہہ دیتے ہے لو بشارت ہو
یہہ خود ہی طیبہ ہین اسکی نسل ہین اطیاب

در ہر دو بہیجا او نہیں نماز مین تو ہی فرض
محب جو گوشہ چادر کو اونکی پکڑین گے
وہ فخر آسیہ چکی بہی آپ پیستی تہین
مع عیال جو فاقہ پہ فاقہ کرتی تہین
فرشتے کام کو انجام انکے دیتے تہے
وہ چکی پیستی تہی جہولے کو ہلاتے تہے
تہا ایک پوست شتر جسپہ دانا کہاتا تہا
ہے اونکے فیض کا چشمہ ہر اک طرف جاری
ستانا اونکا خدا و نبی کی ایذا ہے
کرے جو دست تطاول دراز اونکی طرف
ہزار حیف کہ بعد وفات پیغمبر
کیا سلوک اوہنون نے وہ ساتہہ زہرا کے
جو آستانہ تہا واقع مین فیض کا شانہ
در آئے اوس در دولت مین ہائے در آنہ
عجب ہے فرش زمین کیون نہ پارہ پارہ ہو
نبی کے بعد وہ زندہ رہین پچہتر دن
سما اونپہ وہ گذرے کہ روز حشر تلک
شتر سوارہ کو سمجہے جو ہمسر زہرا
ہے اوسکو بضعہ خیر الورے سے کیا نسبت
یہہ رازدار پیمبر تہین اور مظہر سر
ہے انکے دوستون کے واسطے ثواب عظیم
مناقب انکی ہین اتنے کہ جتنے چاہو کہو

بہیجے ہن

سوا نماز کے پڑہنے مین بہی بہت ہے ثواب
نجات پائین گے دوزخ سے سب بروز حساب
تہے جسمین چہال کے پیوند ایسی تہی جلباب
طعام خلد انہین بہیجتے تہا ایزد وہاب
کبہی جو قرطہ بادشہ سے تہکا کے کرتی تہین خواب
کہ فاطمہ ہون اسکے خیال سے بدخواب
وہی تہا حضرت زہرا کا شبکو بستر خواب
ہے بحر فیض کا زہرا کے آسمان بہی حباب
دل و جگر کا ہے ٹکڑا رسول کے وہ جناب
ہے اوسکے واسطے سر پہ کہتا ہے عتاب
جو واقعی تہی منافق کہاتے تہے اصحاب
کہ جسکے سننے سے ہے کافرون کو استعجاب
بغیر اذن کے آتے تہی ملک کو نہ تاب
کیا یہہ خانہ خراب ایسے تہے وہ خانہ خراب
نکیہ قطع ہوی اس خیمہ فلک کی طناب
اونہین کے غم مین وہ رہتی تہین رات دن بیتاب
ہے جنسے چشم تو پر آب اور جگر ہے کباب
نہین تمیز کہ یکسان ہین کیا گلاب و گلاب
کہان یہہ بحر فضائل بہلا کہان وہ سراب
کہان خطا وہ بقول خدا کہان یہہ صواب
اور انکے دشمنون کے واسطے شدید عذاب
وہ سب ہین داخل اعجاز نہیں ہے اطناب

تمام انس و ملک جن جو عمر بہر کا ہین
ہو مناقب زہرا کا تب بہی استیعاب

ہو جس سے آنکہ کو نور اور قلب کو ہو سرور
ہے کاش انکی فضائل کا اسقدر شاداب

فضائل اونکو بیان کیا کرے کوی احمد
لباب اونکے مناقب سے ہے حدیث و کتاب

قصیدہ در منقبت حضرت امام حسین ؑ

زرد و سرخ آج ہے کیون چہرہ پہر انور
اسمین کیون خوف و خجالت کا نمایان ہے اثر

نور ہے کسکے ہوا آج زمانہ روشن
چاند ہے ماند تو ہے حالت اختر ابتر

آج عالم مین ہوا کسکا ظہور پر نور
مثل آئینہ ہی نور کا ہر شے مظہر

کسنے بخشا ہے شرف عالم ایجاد کو آج
خم ہوا ہے پئے تعظیم سپہر اخضر

باغ مین گل ہین شگفتہ متبسم غنچے
اپنے لحنون مین نوا سنج ہین مرغان سحر

اسود و ابیض و احمر جو ہوا ہے مشرق
اک عجب لطف کا دکہلا رہا ہی منظر سحر

آج ہی گونج رہا ہے گنبد گردان فلک
واقعی ہے یہہ کبوتر کی صدا اونکا اثر

باغ باغ آج ہے گلزار تو ہر پیڑ نہال
غنچے گلگل جو شگفتہ ہین تو ہر برسر بر

بار کے بار سے ڈالی ہے زمین پر ڈالی
پہول پہولے ہین کہ ہین جامہ سے اپنے باہر

بار انبار ہون اکبار جو لچائے درخت
اسقدر کثرت اثمار ہے یہہ کسکا ہے ثمر

ہے سراسر جو ہوا باندہے نسیم سحری
سرسری بہی نہین چل سکتی ہے باد صرصر

دیکہکر یہہ سرو سامان مرادین ہین رسا
گاہ جاتا تہا اودہر اور کبہی آتا تہا ادہر

اتنے مین سامعہ افروز ہوی یہہ آواز
اسقدر بیخبری واہ نہین تجکو خبر

متولد ہوی ہین آج وہ سبط اصغر
روبرو جنکے ہوا نیر اکبر اصغر

باغ احمد کے گل تر دل حیدر کے ثمر
درج عصمت کے گہر برج شرف کے اختر

جنکے نانا نے اشارہ سے کیا شق قمر
پہرا بابا کے لیئے غرب سے مہر خاور

میوہ باغ نبی ثمرہ بستان علی
بار ہا جنکے لیئے آتے تہے جنت سے ثمر

عید کو خلعتِ خلد آیا تو یہہ کہنے لگے
کہا جبریئل نے منگوایئے طشت و ابریق
پانی مین ڈالون لین ہاتہہ سے اپنے حضرت
ہوا سامان جو مہیا تو اب انسے پوچہا
پانی جبریئل نے ڈالا تو پیمبر نے ملا
سرخ یاقوت کے مانند ہوا وہ ملبوس
احمد و حیدر و زہرا و حسن شاد ہوے
اسی اثنا مین کہ سب لوگ تہے شاد و خرم
دیکہا اونکو کہ نہایت ہین ملول و محزون
متردد ہوے جبریل سے پوچہا کیا ہے
کہا جبریئل نے کیا عرض کرون یا حضرت
ہو گیا پیش نظر سانحہ عاشورہ
ہوگا ملبوس و بدن خون سے سراسر گلگون
غربت و کربت و فرقت کے سوا پانی نہین
ملینگے یہہ حالت غم ہو گیا برپا ماتم
وارے شوق شہادت ہوی سرور مسرور
گرچہ اصحاب حسین ابن علی تہوڑے تہے
نذر حق کر دیئے سب خرد و کلان ظاہر ہے
روز عاشورہ جو تہی شدت و حدت کی تپش
شہ نے فرمایا کہ وقت نہین سایہ کا
امتحان سخت تہا اسدرجہ نہ کیا پانی شنا

ہے یہہ سادہ ابہی رنگین ہے منظور نظر
ہوگا رنگین ابہی دیر نہوگی دم بہر
رنگ بتلایئن مگر آپکے یہہ لخت جگر
کو پسند رنگ ہے مطلوب یہہ بولے احمر
ہو گئی جلوہ نما قدرت رب اکبر
دل شبیر شگفتہ ہوا مثل گل تر
انکے خوش ہونیسے مسرور ہوا سارا گہر
کی پیمبر نے جو جبریل کے چہرہ پہ نظر
سر بسر اشکون سے تر ہے عذار انور
کیا سبب ہے جو یہہ حالت ہوی ظاہر کی تہی
سرخی رنگ کی رغبت نے کیا خون جگر
مبتلا ہوگا جو آفات مین یہہ نور بصر
ہر طرف سے یورش نیزہ و تیغ و خنجر
نہ کوی مونس کوی ہمدم کوئی یاور یاور
عید کے روز بپا ہو گیا گہر مین محشر
کہا جبریئل نے خدمت مین جو حاضر مخبر
تہے مگر لاکہون کڑوڑون سے بہتر بہتر
فدیہ راہ خدا کر دیئے اصغر اکبر
سائبان کر دیئے جبریل نے شہ پر شہپر
امتحان میرا ہے منظور جناب داور
کر سکے جسکا تامل نہ کوئی فرد بشر

کام انہیں کا تہا کہ اوسمین بہی جو پوری کرو تو
خلد جاگیر ہی اور شہادت خلعت
داوری صبر و رضا ہے یہہ رضینا بقضا
سر بسر عمر کرین آپکے ماتم مین بسر
شہ نے فرمایا ہے خود کشتۂ گریہ ہون مین
یہان سے ظاہر ہے کہ مومن کی علامت ہے یہی
ایکدن دوش محمد پہ چڑہے تہے شبیر
تب کہا اوس سے پیمبر نے نہین کہتا کیون
کتب معتبرہ مین یہہ روایت ہے لکہی
ایکدن دونون نواسون نے یہہ نانا سے کہا
کشتی آپسمین لڑین دونون کہ معلوم کرین
پیار کر کر اونہین ارشاد پیمبر نے کیا
کہ لکہو تم کوئی خط تا تہہ کی قوت دیکہلاؤ
لائے ارشاد بجا دونون نے کچہہ خط لکہا
ہمنے لکہین ہین یہہ خط آپ اب انکو دیکہین
فاطمہ سوچین بتائین خوشی ایک کی ہے
اونسے فرمایا کہ مین خوب نہین ہون ماہر
پاس بابا کے گئے دونون خطون کو لیکر
کہا بیٹون سے کہ تم نانا سے اپنے پوچہو
پاس نانا کے گئے اونسے سب احوال کہا
اونسے فرمایا پیمبر نے کہ مین ہون اُمی

جو ضروری تہی کچہہ اوس سے ہی بڑہکر شبیر
اور خطاب اونکو ملا شافع روز محشر
ذکر معبود زبان پہ تہہ خنجر
سر ہے کی تمنے سراسر ہمہ امت سر
مجہہ مومن جو کرے یاد کرے چشم ہی تر
ذکر شبیر پہ صدقہ کرے اشکون کے گہر
کیا ہی خوب آپکا مرکب ہے لگا کہنے عمر
کیا سوار اچہا ہے شبیر مرا لخت جگر
بلکہ ہے جزو اخیر اسکا نہایت اشہر
آپکی اذن کے طالب ہین ہم اے خیر بشر
کون ہم دونون مین ہے دوسرے سے طاقتور
کشتی لڑنا تو مناسب نہین ہان ہے بہتر
جسکا خط خوب ہے بس ہے وہی زور آور تر
لیگئے فاطمہ کے پاس کہا اے مادر
اور بتلائین کہ ہم کونسا اونمین بہتر
ایک کی دل شکنی ہو یہہ گوارا کیونکر
خوب پہچانتے ہین خط مرے پیارے دونون کے پدر
فاطمہ سوچین بتائین جو بات وہ سوچے حیدر
جنکا ارشاد ہے ارشاد خدائے اکبر
اوسی خطرہ نے کیا خاطر اقدس مین گذر
حامل وحی جو آوین گے بتائین گے مگر

بیان اونسے کیا
ہی جاتا ہون
جو واپس آئے
ہین یہہ دونون فرزند
ن تجویز ہوگی مطلق
ہین وہ تجویز کرین
داد کبہی نہ ہراسے
آؤ مین تمہاری قربان
ہر وان موتیونکو چنتے ہین
ہوتی کیے بیٹون پہ نثار
اک اک نے چنتے رہگیا ایک
و فرمان خداوند جلیل
وادونون نے آدہا آدہا
ن کے برابر ہوے الحمد اللہ
ہند کہ جنکی کرین خاطرداری
ہے کہ جبریل امین سدرہ سے
رو زہرا وسے سنگین دل
ے کو وطن آوارہ و بیکس کرکے
رسنہ تشنہ اوسے جنگل مین ہپر ذبح کرین
استغفر ظلم پہ بہی باز نہ آئین ظالم
جسکے روضہ مین ہوئے دین حسن کو مدفون نا

بولے جبریل بہلا مین کرون جرات کیونکر
وہان سے معلوم کرون مرضی رب داور
لائے یہہ حکم خداوند جلیل اکبر
ہی ہماری ہی یوہین لطف و عنایت کی نظر
ہپنچے یہہ امر کہا فاطمہ کی مرضی پہ
مہربان ماں ہین وہ انکی یہہ رشید اونکو پسر
فاطمہ جنکی اوسے ہوگئین حیران مضطر
یہہ لڑی موتیون کی کرتی ہون صدقہ تمپر
ہوتی جو زیادہ چنتے خط ہے اوسیکا بہتر
ہے یہہ منقول کہ اوس سلک مین تہی سات گہر
اوسکے چنتے کو بڑہے دونون وہ زہرا کے پسر
آکے فی الفور کیا پر سے دو پارہ گوہر
خوش ہوئے حضرت شبیر و جناب شبر
یہہ مدارج یہہ مراتب ہین بیان سے باہر
خالق واحد و زہرا و علی اس حد پہ
آکے فی الفور کرین پر سے دو پارہ گوہر
پارہ پارہ کرین اک لال کا ہیرے سے جگر
زخم اونیس سو پچاس لگائین تن پہ
اور منصوب کرین نیزے پہ فرق انور
وہ کرین جسکے تصور سے ہی پہٹتا ہے جگر
اور منہہ تیرونکا برسائین شقی لاشے پہ

لاش شبیر کو پامال کرین گہوڑون سے
آہ اس واقعہ سے کیون یہہ زمین شق ہوئی
یون پریشان ہوا مجموعہ آل احمد
ہے کتابون مین یہہ منقول کہ جب جانب شام
ظلم کی راہ سے اوس راہ مین ملعونون نے
فرق انور سے بس اک خون کا قطرہ ٹپکا
ہر برس ہوتا جو عاشورہ تو ہوتا تہا تر
جمع ہوتے تہے محبان حسینی ہر سال
سالہا سال یہی حال رہا اور ملال
اوس سے ظاہر ہوئی حق پوشی و ناحق کوشی
ایسا غائب کیا اوس سنگ کو حق پوشون نے
سو منون نے وہان تیار کیا اک گنبد
خون ناحق بہی چہپانے سے کہین چہپتا ہے
ہے جو مشہور کتاب ایک صحیح مسلم
اوسمین مرقوم ہے تفسیر مین اک آیت کی
سرخ ہونا ہے یہی چرخ برین کا رونا
ہے صواعق مین یہہ مسطور کہ روز عاشور
خون تازہ ہی نظر آیا ہر اک کے نیچے
آسمان سے اوسی دن خون کا مینہہ بہی برسا
خون سے رنگین رہے جب ہوئی پیرزنی
سر شبیر کو جب لائے سوئے قصر زیاد

چہوڑین بیدفن و کفن گرم زمین کے اوپر
ٹکڑے ٹکڑے ہوا کیون یہہ سپہر اخضر
ہو گیا کیون نہ زمانہ کا یہہ دفتر ابتر
سب شہیدون کے لئے جلتے ہی سر بانیٔ شر
ایک پتہر پہ رکہا سید مظلوم کا سر
اوسی پتہر پہ نمایان ہوا جسکا یہہ اثر
جوش زن سنگ سے وہ قطرۂ خون سرور
دیکہکر لال اوسے برساتے تہے اشکون کو گہر
بعد مروان کے خلیفہ ہوا جب اوسکا پسر
حکم سے اوسکی اوٹہایا گیا وہان سے پتہر
کیا ہوا کیا ہوا کچہہ نہ ملی اوسکی خبر
مشہد النقطہ ہوا نام یہی اوسکا اشہر
بلکہ ہوتا ہے چہپانے سے وہ اظہر اظہر
کرتے ہین جسکی روایات کو سنی باور
آسمان رویا حسین ابن علی کے اوپر
ثعلبی کی یہی روایت ہے یہی [illegible]
یہہ اندہیرا ہوا دنکو نظر آئے اختر
جو اوٹہایا گیا دنیا مین کہین سے پتہر
خون مین آلودہ ہوئی لوگون کے کپڑے اکثر
کسی تدبیر سے زائل نہوا خون کا اثر
اوسکی دیوارون سے جاری ہوا خون سرتاسر

ابن سیرین یہہ کہتا ہے کہ سرخی شفق
بخطا جب سے یہہ مقبول ہوا ہے مقتول
ہوا سورج گہن اور دنکو ستارے دیکھے
اک روایت کا ہے مضمون ہوئی یون ناشیر
ایک ہفتہ تلک اسدرجہ رہا سرخ فلک
ہیئے جو نقل کیا قول ہے یہہ بعضون کا
چہہ مہینے رہے آفاق سما کا مل سرخ
شمع جو کرتے ہین رونیکو نہین دیکھی کیا
آسمانکو تو بھلا رونے سے یہہ باز رکہین
ابن جوزی جو بڑے سنیون کے عالم ہین
ہے یہہ معمول کہ جب غیظ وغضب ہوتا ہی
جسم اور اوسکے لوازم سے بری ہے باری
قاتلون پر شہ بیکس کے جو غصہ ہے اوسے
تو یہہ ظاہر ہو کہ ایسے ہوا وہ سخت گناہ
